**05-05-2024 SUNDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS**

سرخیاں

۱۔تلنگانہ میں لوک سبھا چناؤ کے لئے مہم زور و شور سے جاری ہے۔

۲۔سینئر بی جے پی لیڈر اور مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے آج کاغذنگر میں ایک انتخابی ریالی سے خطاب کرتے ہوئے کانگریس کے اس پروپگنڈہ کی مذمت کی ہے کہ بی جے پی تحفظات برخاست کردے گی۔

۳۔سینئر کانگریس لیڈر راہول گاندھی نے آج الزام لگایا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی تحفظات کے خلاف ہیں اور عوام سے ووٹ چھیننا چاہتے ہیں۔

۴۔بی آر ایس کے سربراہ اور سابق وزیر اعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ نے کہا ہے کہ کانگریس حکومت بننے کے بعد چار مہینوں کے اندر تلنگانہ میں حالات بدترین ہوگئے ہیں۔

۵۔تلنگانہ میں اگلے چوبیس گھنٹوں کے دوران شدید گرمی کی لہر برقرار رہنے کا امکان ہے۔

☆☆☆

کانگریس کے سینئر لیڈر راہول گاندھی نے آج الزام لگایا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی تحفظات کے خلاف ہیں اور عوام سے ووٹ چھیننا چاہتے ہیں۔تلنگانہ میں عادل آباد ایس ٹی لوک سبھا حلقہ کے تحت نرمل میں ایک انتخابی ریالی سے خطاب کرتے ہوئے راہول گاندھی نے دعویٰ کیا کہ جاریہ عام چناؤ دو نظریات کے درمیان لڑے جا رہے ہیں۔کانگریس دستور کو بچانے کی کوشش کررہی ہے، تو دوسری طرف بی جے پی اور آر ایس ایس کا اتحاد اسے ختم کرنا چاہتا ہے اور عوام کے حق چھیننا چاہتا ہے۔انہوں نے کہا کہ کانگریس مرکز میں حکومت بنانے کی صورت میں تحفظات کو پچاس فیصد سے بڑھادے گی۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ حکومت میں آنے کی صورت میں کانگریس عوامی حکومت دے گی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ ان کی حکومت عادل آباد ضلع کو اپناتے ہوئے اسے ترقی دے گی۔انہوں نے ایک بار پھر یقین دلایا کہ پندرہ اگست تک کسی بھی قیمت قرض معاف کئے جائیں گے۔راہول گاندھی نے بعد میں عالمپور میں انتخابی جلسہ سے خطاب کیا۔

☆☆☆

تلنگانہ بی جے پی کے صدر اور سکندرآباد لوک سبھا حلقہ کے امیدوار جی کشن ریڈی نے یقین ظاہر کیا ہے کہ پارٹی ریاست میں دوسری جماعتوں سے زیادہ سیٹیں جیتے گی۔حیدرآباد میں آج تلنگانہ ورکنگ جرنلسٹس یونین کی طرف سے رکھے گئے میٹ دی پریس پروگرام میں کشن ریڈی نے تمام لوگوں سے کہا کہ وہ چناؤ میں اپنے ووٹ کے حق کا استعمال کریں۔انہوں نے کہا کہ تلنگانہ میں پہلی بار بی جے پی کے حق میں ماحول دیکھا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ عورتیں، نوجوان، کسان اور اوسط طبقہ کے لوگ بی جے پی کا ساتھ دے رہے ہیں۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ دیہی اور شہری علاقوں میں بھی پارٹی کی مقبولیت بڑھ رہی ہے۔انہوں نے بی آر ایس کے ساتھ کبھی بھی بی جے پی کے ہاتھ ملانے کے امکان کو رد کردیا۔

☆☆☆

انتخابی ضابطہ اخلاق پر عمل آوری کے تحت حیدرآباد ضلع میں مختلف انفورسمنٹ ٹیموں نے پچھلے چوبیس گھنٹوں میں 18 لاکھ 52 ہزار نقد اور 1.10 کروڑ مالیت کی چیزیں اور 77 لیٹر شراب ضبط کیا۔ضلع الیکشن آفیسر اور جی ایچ ایم سی کمشنر رونالڈ روس نے کہا کہ اس سلسلہ میں چھ کیسس درج کئے گئے ہیں اور آٹھ کو گرفتار کیا گیا ہے۔

☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے اپنے وعدے کا لحاظ رکھتے ہوئے آج اپنے مکان پر مشہور جادوگر اور پدم شری ایوارڈ حاصل کرنے والے درشنم موگلیا کی مالی مدد کی۔کے ٹی آر نے ریاستی حکومت سے کہا کہ وہ موگلیا کو ماہانہ دس ہزار روپے اعزازیہ بحال کرنے کے بشمول پچھلی بی آر ایس حکومت کی طرف سے کئے گئے وعدوں کو پورا کرے۔موگلیا مالی مسائل سے دوچار ہیں اور اسے پچھلے پانچ مہینوں سے ریاستی حکومت کی طرف سے ماہانہ اعزازیہ نہیں مل رہا ہے۔

☆☆☆

ہائی کورٹ نے ریاست میں ایس ٹی تحفظات کو چھ فیصد سے بڑھا کر دس فیصد کرنے کے مسئلہ پر تلنگانہ حکومت نوٹس جاری کی ہے اور ہدایت دی ہے کہ وہ ایس ٹی تحفظات بڑھانے کے لئے حکومت کی طرف سے جاری جی او 33 کی مکمل تفصیل کے ساتھ حلف نامہ داخل کریں۔ بنچ نے کہا کہ اس جی او کی بنیاد پر فروری میں جاری نوٹیفکیشن کے تحت گروپ 1 تقررات کا عمل قطعی فیصلہ کے تابع ہوگا۔

☆☆☆

مرکز نے یہ بات صاف کی ہے کہ ہندوستان نے میگزیمم ریسی ڈیولمیٹ کے ایم آر ایل کے سب سے سخت معیارات ہیں اور جوکھم کی تجزیہ کی بنیاد پر مختلف خوردنی اشیاء کے لئے پریسٹی سائیٹ کی مختلف قیمتیں طئے کی جاتی ہے۔ یہ صفائی ایک ایسے وقت دی گئی جب سوشیل میڈیا کی بعض اطلاعات میں دعویٰ کیا گیا کہ فوڈ سیفٹی اینڈ اسٹانڈرٹس اتھاریٹی آف انڈیا نے جڑی بوٹیوں اور مسالوں میں مزید دس فیصد پریسٹی سائیٹ باقیات کی اجازت دی ہے۔ وزارتِ زراعت 1968ء کے قانون کے مطابق سنٹرل اِنسکٹی سائیٹ بورڈ اینڈ رجسٹریشن کمیٹی کے ذریعہ کیڑی مار دواؤں کے استعمال کو پابند ضابطہ بناتی ہے۔ وزارتِ زراعت نے ایک بیان میں کہا کہ اس تعلق سے سائنٹفک پینل سنٹرل انسکٹی سائیٹ بورڈ اینڈ رجسٹریشن کمیٹی سے حاصل ہونے والے ڈیٹا کی جانچ کرتی ہے۔

☆☆☆

تلنگانہ میں اگلے چوبیس گھنٹوں تک شدید گرمی کی لہر برقرار رہے گی۔ میٹرولوجیکل سنٹر نے بتایا کہ اگلے چار دنوں کے دوران تلنگانہ میں بعض بعض مقامات پر گرج چمک اور 32 سے چالیس کلومیٹر فی گھنٹہ تیز ہواؤں کے ساتھ بوندہ باندی ہوگی۔ ریاست کے کئی مقامات پر آج تقریباً 45 ڈگری سلسیس درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔ محبوب نگر میں 50 ڈگری سلسیس درجہ حرارت ریکارڈ ہوگا۔

☆☆☆

تلنگانہ میں لوک سبھا چناؤ کے لئے مہم زور وشور سے جاری ہے۔ تمام 17 لوک سبھا سیٹوں پر بڑی سیاسی جماعتیں سرگرمی سے مہم چلا رہی ہیں۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کانگریس پارٹی کے لئے جارہانہ مہم چلا رہے ہیں۔ کانگریس کے قومی لیڈر راہول گاندھی نے آج تلنگانہ میں انتخابی جلسوں سے خطاب کیا۔ پی سی سی نے کل سے اس مہینہ کی دس تاریخ تک ریونت ریڈی، راہول گاندھی اور پرینکا گاندھی کی مہم کے شیڈول کا اعلان کیا ہے۔ راہول گاندھی اس مہینہ کی 9 تاریخ کو کریم نگر اور ایل بی نگر حیدرآباد میں انتخابی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ پرینکا گاندھی اس مہینہ کی دس تاریخ کو کاماریڈی، تانڈور اور شادنگر میں انتخابی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ بی جے پی نے بھی اپنی مہم تیز کردی ہے۔ کئی قومی قائدین نے انتخابی جلسوں سے خطاب کیا۔ وزیرداخلہ امیت شاہ بی جے پی امیدوار ایٹلا راجندر کی تائید میں آج شام سکندرآباد پریڈ گراؤنڈ میں جلسہ عام سے خطاب کریں گے۔ اس سے پہلے امیت شاہ نے کاغذنگر اور نظام آباد میں انتخابی جلسوں سے خطاب کیا۔ اس دوران وزیراعظم نریندر مودی اگلے ہفتہ انتخابی مہم کے لئے تلنگانہ کا دورہ کریں گے۔ دوسری طرف بی آر ایس بھی اپنے قدم جمانے کی کوشش کررہی ہے۔ پارٹی کے سربراہ کے چندرشیکھر راؤ، کارگزار صدر تارک راما راؤ اور سابق وزیر ہریش راؤ بی آر ایس امیدواروں کے لئے مہم چلا رہے ہیں۔ تلنگانہ کی سابق گورنر تملی سائی سوندرا راجن نے حیدرآباد کے ضیاء گوڑہ میں حیدرآباد حلقہ سے بی جے پی امیدوار مادھوی لتا کی تائید میں ایک میٹنگ میں حصہ لیا۔

☆☆☆

بی آر ایس سربراہ اور سابق وزیراعلیٰ چندرشیکھر راؤ نے کہا ہے کہ کانگریس حکومت بننے کے بعد چار مہینوں کے اندر تلنگانہ میں حالات بدترین ہوگئے ہیں۔ کریم نگر ضلع میں Athmeey سمیلن سے خطاب کرتے ہوئے چندرشیکھر راؤ نے کہا کہ کانگریس نے جھوٹے وعدوں کے ذریعہ عوام کو دھوکہ دیا ہے۔ بی آر ایس حکومت ماضی میں درمیانی لوگوں کے بغیر دھان خریدتی تھی، لیکن اب حکومت کسانوں کو دھوکہ دے رہی ہے۔ انہوں نے یاد دلایا کہ ان کی حکومت نے حضورآباد میں دلت بندھو پر عمل کیا تھا۔ انہوں نے یہ بات صاف کی کہ انہوں نے اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کافی محنت کی کہ قومی اور عالمی سطح پر تلنگانہ کا نام ہو، لیکن اب کئی کمپنیاں حیدرآباد سے باہر نکلنے پر غور کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ تحریک ختم نہیں ہوئی ہے، بلکہ اب بھی جاری ہے۔

☆☆☆

سکندرآباد کا ای ایم ای سنٹر 20 جون سے یونٹ ہیڈکواٹر کوٹہ کے تحت فوج میں بھرتیوں کے لئے ریلی کا اہتمام کرے گا۔اس ریلی کا مقصد اگنی ویر کے مختلف کردار کے لئے سابق فوجیوں ،جنگی بیواؤں کے بیٹوں، سابق فوجیوں کے بھائیوں اور سابق فوجیوں کو مقرر کرنا ہے۔اہل امیدواروں کو چاہئے کہ وہ 20 جون کو صبح پانچ بجے ای ایم ای سنٹر سکندرآباد پر رپورٹ کریں۔

☆☆☆

سینئر بی جے پی لیڈر اور مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کی انتخابی مہم کے مدنظر آج رات 9 بجے تک سکندرآباد پریڈ گراؤنڈ کے علاقہ میں ٹریفک پابندیاں لگائی گئی ہیں۔پنجہ گٹہ سے گرین لینڈس ،بیگم پیٹ سے پریڈگراؤنڈ اور ٹیولی کراس روڈ پلازہ کراس روڈ تک ٹریفک کا رخ موڑا جائے گا۔

☆☆☆

حیدرآباد ضلع میں پوسٹل بیلٹ کے ذریعہ جملہ تین ہزار 220 لوگوں نے اپنا ووٹ دیا۔ان میں سکندرآباد پارلیمانی حلقہ کے 1497 ،حیدرآباد حلقہ کے 1072 ،سکندرآباد کنٹونمنٹ ضمنی چناؤ کے 101 ووٹ شامل ہیں۔گھر پر ووٹ دینے کی سہولت کے تحت سکندرآباد میں 358، حیدرآباد میں ایک، سکندرآباد کنٹونمنٹ میں 52 ووٹ ڈالے گئے۔

☆☆☆

میاں پور حیدرآباد میں سڑک کے ایک حادثہ میں تین خاتون زرعی مزدور ہلاک ہوگئیں اور بعض دوسرے زخمی ہوگئے۔یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب ٹریکٹر جس پر وہ سفر کررہے تھے الٹ گیا۔یہ کھیت مزدور مکئی کے کھیت میں کام کرنے کے بعد گھر واپس لوٹ رہے تھے۔

☆☆☆

سینئر بی جے پی لیڈر اور مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے آج کاغذ نگر میں ایک انتخابی ریالی سے خطاب کرتے ہوئے کانگریس کے اس پروپگنڈہ کی مذمت کی ہے کہ بی جے پی تحفظات برخاست کردے گی۔انہوں نے یہ بات صاف کی کہ بی جے پی کو تیسری معیاد ملنے کے بعد درجہ فہرست ذاتوں، قبیلوں اور دوسرے پسماندہ طبقات کے لئے تحفظات کی حفاظت کی جائے گی۔امیت شاہ نے یہ بات دہرائی کہ بی جے پی مسلم تحفظات کے خلاف ہے۔انہوں نے الزام لگایا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی ان کے جعلی ویڈیو کو بڑھاوا دے رہے ہیں۔امیت شاہ نے الزام لگایا کہ تلنگانہ حکومت کانگریس پارٹی کو پیسہ دینے کے لئے ایک اے ٹی ایم بن گئی ہے۔